تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

نام کتاب: مواعظِ حسنہ

مصنف: مولانا محمد زکریا روپڑی

ترتیب واضافہ: مولانا محمد سعید احمد چنیوٹی

صفحات: 432 قیمت: 300

ناشر: ادارہ ترجمان القرآن والسنہ ۱۳۲۶ کلیم شہید کالونی نمبر ۲ فیصل آباد۔

ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

مولانا محمد زکریا واولادہ۔B-6 دل کشا اپارٹمنٹ کارساز روڈ شارع فیصل کراچی

قیامِ پاکستان سے قبل حضرت العلام حافظ عبداللہ روپڑی رحمۃ اللہ علیہ سے روپڑ میں جن لائق صداحترام بزرگوں نے دینی علوم کی تحصیل کی ان میں ایک نام مولانا محمد زکریا روپڑی حفظہ اللہ تعالیٰ کا ہے۔ موصوف صاحب علم، عالم دین اور اونچے مقام ومرتبے کے معلم اور بڑے اچھے خطیب وواعظ ہیں۔ کم وبیش چالیس پینتالیس سال پہلے جب وہ بحیثیت سکول ٹیچر سرگودھا کے نواح میں اقامت پذیر تھے تو خطبہ جمعہ کے لیے کچھ ضروری نوٹس اپنی ذاتی ڈائری میں لکھ لیا کرتے تھے۔

پیش نگاہ کتاب ''مواعظِ حسنہ'' ان کے انہی خطبات ومواعظ کا خوبصورت مجموعہ ہے۔ اسے محترم علامہ سعید احمد چنیوٹی نے بڑی محنت، عرق ریزی، تحقیق اور حسنِ ذوق سے مرتب کر کے قارئین کی خدمت میں پیش کیا ہے اور ہر موضوع سے متعلقہ آیات واحادیث کا بالترتیب ترجمہ، آیت نمبر، حدیث کا حوالہ، اسی طرح ابتداء میں موضوع کا تعارف اور آخر میں اس سے متعلقہ ضروری مواد بڑھا دیا گیا ہے۔ واقعات کی طرف اشارہ کر کے اصل کتاب کا حوالہ رقم کیا گیا ہے۔

مولانا زکریا صاحب نے ان خطبات کا محور توحید، سنت، اطاعت رسول، حقوق ومعاملات، عبادات وفرائض، غیر شرعی رسوم وعوائد اور شرک وبدعات کا رد ہے۔ اس کتاب میں اہل حدیث کے امتیازی مسائل پر بھی متعدد خطبے ہیں اور صحابہ کرامؓ اور اہل بیت کے فضائل ومناقب کو بھی بیان کیا گیا ہے۔ دورانِ خطبہ مناسب موقع پر اردو، پنجابی اور عربی اشعار بھی درج ہیں اور کتاب کے آخر میں ۹۰ صفحات پر مشتمل مختلف شعراء کا کلام دیا گیا ہے جو مولانا زکریا صاحب کے ادبی ذوق کی عکاسی کرتا ہے۔ کتاب